سوال

(81) اقامت کون کہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا اذان کے بعد تکبیر کہنے کا حق موذن کو ہی ہے یا کوئی اور شخص بھی اقامت کہہ سکتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

افضل اور بہتر یہی ہے کہ اذان کہنے والا ہی تکبیر کہے کیونکہ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ لوگوں نے (نماز کی اطلاع کے لئے) آگ اور ناقوس کا ذکر کیا اس طرح یہود و نصاریٰ کا ذکر کیا تو پھر بلال رضی اللہ عنہ کو حکم دیا گیا کہ اذان جفت اور اقامت اکہری کہیں قد قامت الصلاۃ کے علاوہ۔ (متفق علیہ)

معلوم ہوا کہ بلال رضی اللہ عنہ اذان بھی کہتے تھے اور اسی طرح اقامت بھی، اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دور سے موذن ابو محذورہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے کہ انہوں نے اذان بھی کہی اور اقامت بھی۔ (بیہقی 1/399، ابن ابی شیبہ 1/216)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

تفہیمِ دین

کتاب الاذان، صفحہ: 123

محدث فتویٰ